© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نظرات

افسوس ہے دارالعلوم دیوبند کے ایک دیرینہ استاذ مولانا سید اختر حسین صاحب کا اکیاسی برس کی عمر میں گذشتہ ماہ ذی الحجہ کی پہلی تاریخ کو نماز فجر کے بعد انتقال ہو گیا! انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے سب سے بڑے صاحبزادہ تھے، صورۃً و سیرۃً الولد سرٌ لابیہ کے مصداق تھے، نہایت خاموش، بیحد متورع اور متقی، اوراد و وظائف کے پابند تھے، حضرت میاں صاحب کی طرح اون پر عالم جذب طاری رہتا تھا۔ کم و بیش پچپن برس دارالعلوم کی درسی خدمات انجام دیں سالہا سال سے طبقۂ علیا کے مدرس اور ناظم تعلیمات بھی تھے اون کا وجود مدرسہ کے لئے خیر و برکات کا موجب تھا۔ اون کا اصل نام سید محمد عباس تھا۔ لیکن اپنے عرف سید اختر حسین سے اس درجہ معروف ہوئے کہ کسی کو اون کے اصل نام کا پتہ بھی نہ تھا۔ ۲۳ رجب ۱۳۱۶ھ کو بروز پنجشنبہ بعد عصر پیدا ہوئے تھے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو صدیقین و شہدا کے مقام جلیل و عظیم سے نوازے۔ آمین۔

---

باخبر اصحاب کو معلوم ہے کہ شملہ میں سمر ہل پر راشٹر پتی نواس میں گورنمنٹ آف انڈیا کا ایک بین الاقوامی بلند پایہ علمی اور تحقیقی ادارہ "انڈین انسٹیٹوٹ آف اڈوانسڈ اسٹڈی کے نام سے بارہ برس سے قائم ہے، جس کا مقصد ہندوستان کی نسبت سے سماجی علوم و فنون پر ریسرچ کرنا۔ کتابیں شائع کرنا، سیمینار منعقد کرنا اور باہر سے ماہرین فن کو بلاکر اون کے لکچروں کا انتظام کرتا ہے، اس کے کاموں کی وسعت کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ اس کا سالانہ

© rasailojaraid.com